ساغر اقبالی

زبان میری ہے بات اُن کی

- ہم سیلاب کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔ (غلام حیدر وائیں)

عذابِ خداوندی کا مقابلہ —— استغفراللہ۔

- ملتان میں ۵ ار ستمبر تک با اثر افراد اپنی زمینیں بچانے کے لئے بند توڑنے کی مخالفت کرتے رہے۔ (ایک خبر)

انسانیت سیاست کی نذر ہو گئی۔

- پاکستان ٹیلی ویژن میں دوپٹہ سروں سے پھر اترنے والا ہے۔ (ایک خبر)

کٹ کھنوں کو ربڑ بو کے نشریوں پہ اختیار

لم چھڑوں سے ٹیلی ویژن کا سفینہ پائمال

- کشمیر ہاؤس کے بورڈ اتروانے والی کس منہ سے کشمیر کے حق میں بات کرتی ہے۔ (چودھری نثار علی)

جس منہ سے اس کی "ماں" شیعہ مسلک پر اس کی شادی کر کے (صرف اقتدار کے لئے) اب اُسے سنی بتا رہی ہے

- بے رحم سیلاب لاکھوں گھروں کو ویران کر کے گذر گیا (ایک خبر)

فطرت افراد سے اغماض تو کر لیتی ہے

کرتی نہیں ملت کے گناہوں کو معاف

- رقم منتخب نمائندوں کو نہ دی جائے یہ کھا جائیں گے، ہمیں کچھ نہیں ملے گا۔ (متأثرین سیلاب)

"بھوکے" ننگوں کو لوٹ لیں گے۔

- "لوٹے والی گفتگو" بھی یاد دلائی لیکن جامعہ اشرفیہ والے پھر بھی بلا رہے ہیں۔ (میاں اظہر۔ گورنر)

لٹ گیا دین خانقاہوں میں

- بنی شیر جونیجو کے الیف۔ اے پاس بیٹے کو اسسٹنٹ کمشنر لگا دیا گیا۔ (ایک خبر)

اس ملک کی روایت ہے۔ یہاں ایم۔ اے پاس رکشہ چلاتے ہیں اور "میٹرک فیل" گورنر بنا دیئے جاتے ہیں۔

- نہ شہباز شریف پہنچے نہ امداد تقسیم ہوئی۔ (ایک خبر)

امداد تھی یا گیارھویں شریف کے ختم کا مال

- ڈی سی شیخوپورہ ملازمین کو فحش گالیاں دیتے ہیں۔ (فرید پراچہ)

- ڈی سی شیخوپورہ بہت اچھے ہیں اور قائداعظم کے اصولوں کے مطابق کام کر رہے ہیں (چودھری واجد)

ع کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی۔

- ٹریفک پولیس نے خوش اخلاق بننے اور صاف وردیاں پہننے کا فیصلہ کر لیا۔ قانون کی خلاف ورزی سے مرتکب افراد کو سلام کر کے جرم بتایا جائے گا۔ (ایس پی ٹریفک لاہور کے دفتر میں اجلاس)

عجب تیری قدرت! عجب تیرے کھیل
چھچھوندر لگائے چنبیلی کا تیل

- چوری کی وارداتیں کرنے والے گروہ کا سرغنہ پولیس کانسٹیبل گرفتار (ایک خبر)
- پنجاب پولیس کے سب انسپکٹر سے پشاور میں چار سو کلوگرام چرس برآمد (دوسری خبر)
- ناجائز گرفتاریاں کر کے رشوت لینے والے پولیس انسپکٹر کے خلاف مقدمہ (تیسری خبر)
- چائے کے پیسے مانگنے پر پولیس پارٹی کا ہوٹل کے ملازم پر تشدد (چوتھی خبر)

غنڈہ گردی کی حد کر دی چور بھی پہنے پھرتے ہیں وردی۔

- جہاں تک میری ذاتی رائے کا تعلق ہے پاکستان میں مجھے "ملا" سے گھٹن محسوس ہوتی ہے۔ (عطاء الحق قاسمی)

بہاء الحق قاسمی مرحوم جیسے "ملا" سے بھی۔ ؟

- سود کے بارے میں جو کچھ کہا میرا نہیں سرکاری مؤقف ہے۔ یہی چلے گا، ملا ازم نہیں چلے گا۔ • علماء کی شان میں کبھی گستاخی نہیں کر سکتا۔ • میں مولوی کے نظریات کو نہیں مانتا۔ (سردار آصف علی)

- پاکستان بنیاد پرستی کے لئے نہیں بنا تھا • مولویوں نے پاکستان کو اتنا بدنام کر دیا ہے کہ کوئی یہاں سرمایہ کاری کے لئے تیار نہیں • میں نے علماء کے خلاف کوئی بات نہیں کی۔ (رانا نذیر احمد)

- بنیاد پرست مولویوں کی حکومت آگئی تو کوئی مسلمان نہیں رہے گا، ملا سب کو ملا بنا دیں گے۔

(حاجی غلام احمد بلور)

نہ دولت رام چوہڑہ، سردار کلبیر سنگھ اور حاجی غلام آہرمن کے بدبودار بیانات۔

(لعنت بر پدر فرنگ)

ع یہ فلفل پنجاب ہیں وہ سرحدی اچھور